کھانے اور پینے
کی
مسنون دعائیں

- کھانے سے متعلق مسنون دعائیں
- پینے سے متعلق مسنون دعائیں
- خاص مواقع کی دعائیں

انجینئر توصیف قادر

کھانے اور پینے کی مسنون دعائیں

تدوین کردہ: انجینئر توصیف قادر

❖ کھانے سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللَّهِ، اللَّهُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ وَأَطْعِمْنِي خَيْرًا مِّنْهُ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں)، اے اللہ! اس میں میرے لیے برکت عطا فرما اور مجھے اس سے بہتر رزق عطا فرما۔

❖ اگر کھانے سے پہلے دعا پڑھنا بھول جاؤں تو:

بِسْمِ اللَّهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے، اس کے شروع میں اور آخر میں۔

❖ دودھ پیتے وقت کی دعا:

اللَّهُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ وَزِدْنِي مِنْهُ۔

ترجمہ: اے اللہ! اس میں میرے لیے برکت عطا فرما اور مجھے اس میں مزید اضافہ عطا فرما۔

❖ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد کی دعا:

واحد کے صیغے میں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِي وَسَقَانِي وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّي وَلَا قُوَّةٍ، وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، ایسی تعریف جو بہت زیادہ، پاکیزہ اور برکت والی ہو۔ تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے کھلایا، پلایا اور بغیر کسی طاقت و قوت کے مجھے یہ رزق عطا فرمایا، اور مجھے مسلمانوں میں سے بنایا۔

جمع کے صیغے میں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَرَزَقَنَاهُ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنَّا وَلَا قُوَّةٍ، وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، ایسی تعریف جو بہت زیادہ، پاکیزہ اور برکت والی ہو۔ تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا، اور بغیر کسی طاقت و قوت کے ہمیں یہ رزق عطا فرمایا، اور ہمیں مسلمانوں میں سے بنایا۔

❖ مہمان کی میزبان کے لیے دعا:

اللَّهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِي وَاسْقِ مَنْ سَقَانِي، اللَّهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔

ترجمہ: اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا، اسے کھلا، اور جس نے مجھے پلایا، اسے پلا۔ اے اللہ! جو رزق تُو نے انہیں دیا ہے، اس میں برکت عطا فرما، اور ان کی مغفرت فرما، اور ان پر رحم فرما۔

❖ افطار کے وقت کی دعا:

ذَهَبَ ٱلظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ ٱلْعُرُوقُ وَثَبَتَ ٱلْأَجْرُ إِنْ شَاءَ ٱللَّهُ۔

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ ٱلَّتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ أَنْ تَغْفِرَ لِي۔

ترجمہ: پیاس بجھ گئی، رگیں تر ہو گئیں، اور ان شاء اللہ ثواب ثابت ہو گیا۔

اے اللہ! میں تجھ سے تیری اس رحمت کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے کہ تُو مجھے بخش دے۔

❖ کسی کے گھر افطار کرنے کی دعا:

أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ ٱلصَّائِمُ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ ٱلْبَارُّ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ ٱلْمَلَائِكَةُ۔

ترجمہ: تمہارے ہاں روزے دار نے افطار کیا، نیک شخص نے تمہارا کھانا کھایا، اور فرشتوں نے تم پر رحمت کی دعا کی۔